# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

## نوٹیفکیشن

مراسلہ نمبر 700 ۔رجسٹریشن مورخہ: 20 اگست 2026ء

### (ریگولر طلباء/طالبات)

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات الحاق شدہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ **آن لائن رجسٹریشن/داخلہ شیڈول ریگولر طلباء/طالبات برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2026ء تا 2028ء**

تمام متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسن (PBCC) کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن مورخہ 19.08.2026 کو مدنظر رکھتے ہوئے ریگولر طلباء/طالبات برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2026 تا 2028ء کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ-/1150 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/870 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/280 روپے ٹوٹل فیس مبلغ-/2300 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری اور بینک میں فیس جمع کروانے کی حتمی تواریخ (فیس آن لائن بینک چالان Registration Category پر ہی جمع کروائیں)۔ (Other Category) پر جمع کروائی گئی رجسٹریشن فیس اور مینوئل چالان قابل قبول نہ ہوگا |
|---|---|---|
| (i) | رجسٹریشن /داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) (بغیر لیٹ فیس) | 21 اگست 2026ء تا 05 اکتوبر 2026ء |
| (ii) | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن/داخلہ (لیٹ فیس بورڈ کو واجب الادا ہوگی) | 06 اکتوبر 2026ء تا 20 اکتوبر 2026ء |
| (iii) | ادارہ جات میں درج بالا شق نمبر (i) اور (ii) کے مطابق داخل کیے گئے طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن ہمراہ مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ اور یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے فی گروپ/PER BATCH کے ساتھ آن لائن کرنے کا معاملہ | ایسے طلباء/طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی نہ ہی BATCH بن سکے تو ان طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن ہمراہ مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے PER BATCH / GROUP کے ساتھ انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2027 کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا فیس (Tripple Fee) کی آخری تاریخ تک آن لائن کی جا سکتی ہے۔ |

### ہدایات

درج بالا شیڈول کے بعد کسی بھی ادارہ کو داخلہ/رجسٹریشن کی اجازت نہ ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس کا اصل بینک چالان دونوں ہی دستی (By Hand) یا بذریعہ ڈاک دفتر کے جاری کردہ شیڈول میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ -/600 روپے یومیہ فی گروپ (PER BATCH) ادا کرنا ہوگا۔ ضروری ہدایات سے متعلقہ رہنمائی کتابچہ بورڈ کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ (جس میں تمام ضروری ہدایات/فیس کی تفصیل موجود ہے)۔ رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت امیدواران کے کوائف کا اندراج سیکنڈری سکول/ایکویلینس (Equivalence) سرٹیفکیٹ کے مطابق کیا جائے گا۔ ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا داخلہ سے متعلق ریکارڈ ملاحظہ کے لیے منگوایا جا سکتا ہے۔ سربراہ ادارہ کو پابند کیا جاتا ہے کہ طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت (Recent Picture) سکین کر کے اپ لوڈ کی جائے۔ نیز دیگر بورڈز سے سیکنڈری سکول امتحان پاس کر کے داخلہ لینے والے طلباء/طالبات کے NOC اور ایکویلینس (Equivalence) سرٹیفکیٹ و دیگر دستاویزات رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ منسلک کیے جائیں بصورت دیگر رجسٹریشن نمبر جاری نہیں کیے جائیں گے۔ تاخیر کی صورت میں جاری شیڈول کے مطابق جرمانہ کی ادائیگی پر ہی رجسٹریشن نمبر جاری کیے جائیں گے۔ مزید برآں ایسے طلباء و طالبات جنہوں نے سیکنڈری سکول امتحان لاہور بورڈ سے پاس کیا ہو ان کے لیے (Other Board) آپشن استعمال نہیں کی جا سکتی آن لائن ڈیٹا فیڈنگ کرتے وقت طلباء و طالبات کے کوائف کا اندراج متعلقہ بورڈ آپشن میں ہی کیا جائے غلط آپشن اندراج کی صورت میں ڈیٹا منسوخی کے بعد نئی رجسٹریشن ریٹرن جاری شیڈول کے مطابق جمع کروانا ہوگی۔ جس کی تمام تر ذمہ داری ادارہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ کسی بھی رہنمائی کی صورت میں رجسٹریشن برانچ کمرہ نمبر 110 سے رجوع فرمائیں۔

(رضی نذیر)

سیکرٹری